(3)

# شرائط وضوابط بابت ٹھیکہ ایم سی کار پارکنگ سٹینڈ فیس تحصیل باڑہ

## برائے سال 2026-27

1. لوکل کونسل بورڈ کی شرائط وضوابط (Terms of Reference & Conditions) بابت ٹھیکہ جات برائے سال 2026-27 جاری کردہ بحوالہ چٹھی نمبر: AOII/LCB/6-11/2026 بمورخہ 07/05/2026 کے تحت ٹھیکہ کی معیاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہو گا۔

2. یہ کہ بولی کے اختتام کے تین یوم کے اندر اندر کامیاب بولی دہندہ کل زر ٹھیکہ کا پندرہ فیصد (15٪) زر پیشگی اور پانچ فیصد (5٪) زر ضمانت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر کے اکاؤنٹ میں جمع کرنے کا پابند ہو گا جبکہ سات یوم کے اندر اندر ٹھیکہ سے متعلق ایگریمنٹ / معاہدہ تحریر کرے گا۔ پندرہ فیصد (15٪) پیشگی داخل شدہ کی مجرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائیگی اور پانچ فیصد (05٪) زر ضمانت بعد از فہمیدگی ختمی حساب وکتاب ٹھیکیدار کو واپس ادا کی جائیگی۔

3. یہ کہ ٹھیکیدار کل زر ٹھیکہ کی ادائیگی گیارہ (11) برابر ماہانہ اقساط کی صورت میں ہر ماہ کی 05 تاریخ تک ادا کرنیکا پابند ہو گا جبکہ پہلی قسط ماہ اگست 2026 کی 05 تاریخ کو واجب الادا ہو گی اور اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ تک قسط بمعہ دیگر واجبات ادا کرنے میں ناکام رہا تو بقایا رقم کے 2% فیصد یومیہ کے حساب سے جرمانہ عائد کیا جائے گا تاہم 10 تاریخ تک قسط بمعہ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں 15 تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ کرکے تمام رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ و ضلع خیبر ضبط کی جائے گی اور ٹھیکہ دوبارہ ٹھیکیدار کے (Risk & Cost) پر نیلام کیا جائے گا۔ اگر ٹھیکہ نیلام نہ ہوا تو محکمانہ ریکوری شروع کی جائے گی۔ دونوں صورتوں میں کل ٹھیکہ رقم میں نقصان کی وصولی ٹھیکیدار کی جائیداد (منقولہ و غیر منقولہ) سے کی جائے

4. یہ کہ ٹھیکیدار فنانس آرڈیننس کے مروجہ قوانین کے مطابق ٹھیکیدار بولی کی رقم کے علاوہ انکم ٹیکس علیحدہ سے جمع کرنے کا پابند ہو گا اور اگر صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی طرف سے ٹھیکہ جات پر مزید کوئی بھی ٹیکس لاگو کیا گیا تو ٹھیکیدار اسی شرح کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا نیز ٹھیکیدار پر یہ لازم ہو گا کہ وہ ماہانہ قسط کے ساتھ حکومت کا لاگو شدہ انکم ٹیکس تین ماہ میں اقساط کی شکل میں جمع کرنے کا پابند ہو گا۔

5. یہ کہ ٹھیکیدار کو کار پارکنگ فیس کی وصولی کرنے کیلئے جتنی بھی ٹکٹ بک / سٹیشنری درکار ہو نگی اس کی پیشگی قیمت دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ خیبر میں جمع کرانی ہو گی اس کے علاوہ ٹھیکیدار بعد از پیشگی اجازت ذاتی طور پر چھپوانے کا مجاز ہو گا اور ٹھیکیدار پر یہ لازم ہو گا کہ وہ ختم شدہ ٹکٹ بکس ہر ماہ کے اختتام پر دفتر ریگولیشن برانچ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ خیبر میں جمع کریگا اور ٹھیکہ کے اختتام پر تمام جملہ رسیدات تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر کو جمع کریگا اور ٹھیکیدار کے انتظامات کا ایڈمنسٹریٹر / تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل آفیسر (ریگولیشن) یا کوئی اور مجاز آفیسر معائنہ کریگا اور اگر بعد از معائنہ کوئی غلطی پائی گئ تو اس کو فوری طور پر دور کرنا ٹھیکیدار کا فرض ہو گا جہاں کہیں ٹھیکیدار کو انتظامیہ کی حتمی امداد کی ضرورت ہو تو مجاز آفیسر / اتھارٹی قانون کے اندر امداد مہیاء کریگا۔

6. یہ کہ ٹھیکیدار شیڈول ریٹ یعنی موٹر کار، پجیرو، سوزوکی، ڈاٹسن، چنگ چی ورکشہ وغیرہ **Rs. 50/-** روپے فی پارکنگ، موٹر سائیکل، **Rs.30/-** , سائکل **Rs. 10/-** **روپے** فی پارکنگ کے حساب سے فیس وصول کرنے کا مجاز ہو گا اور اگر ٹھیکیدار مقررہ شرح سے زیادہ فیس وصول کریگا تو وصول کردہ ٹیکس کا گیارہ گنا جرمانے کا مرتکب ہو گا اور مسلسل تین (3) دفعہ خلاف ورزی کرنے پر اس کے خلاف قانونی کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی جس میں ٹھیکیدار کے نفع ونقصان پر ٹھیکہ منسوخ کرکے جمع شدہ زر ضمانت پانچ فیصد (5٪) بحق سرکار ضبط تصور ہو گی۔

7. یہ کہ دورانِ ٹھیکہ پارکنگ فیس کی وصولی میں کسی بھی قسم کی جانی ومالی نقصان کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہو گا جس سے محکمہ کا کوئی سروکار نہیں ہو گا۔



CS CamScanner

8. یہ کہ اگر پارکنگ فیس کی وصولی کرنے کے لیے سرکاری اہلکار درکار ہو تو ٹھیکیدار بذریعہ تحریری درخواست طلب کریگا۔ اور سرکاری اہلکار ٹھیکیدار کے زیر نگرانی کام کریگا اور اس کی جملہ تنخواہ بمعہ الاونسز پنشن کنٹری بیوشن میڈیکل الاونسز اور 48 یوم کی تنخواہ جو کہ حکومت نے ہر ملازم کیلئے منظور کی ہوئی ہے اور دوران ٹھیکہ جو مراعات تنخواہوں میں دی جائیگی، ٹھیکیدار ادا کریگا۔ اگر کوئی ملازم چار ماہ کی رخصت پر جائے گا 48 یوم کی تنخواہ ٹھیکیدار ادا کریگا۔ جبکہ بقایا 72 یوم کی تنخواہ انتظامیہ ادا کریگی علاوہ ازیں ٹھیکیدار کو اگر سرکاری اہلکار پر اعتراض ہوا تو ایڈمنسٹریٹر، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ کی باہمی مشاورت سے مذکورہ آسامی پر کوئی متبادل اہلکار تعینات کیا جائے گا جس کی تنخواہ بمعہ الاونسز بھی ٹھیکیدار ادا کریگا اور اگر پرائیوٹ اہلکار پر فیس وصولی کریگا تو ان اہلکاروں کی مکمل تفصیل بمعہ کوائف تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ کو پیش کرنے کا پابند ہو گا اور پارکنگ میں گاڑیوں وغیرہ کی دیکھ بھال ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہو گی اور گاڑیوں کو نقصان پہنچنے یا چوری اور آگ لگنے کی صورت میں ٹھیکیدار خود ذمہ دار ہو گا۔

9. یہ کہ ٹھیکیدار ٹریفک قوانین کی سختی سے پابندی کریگا اور گاڑیوں کو مخصوص کردہ جگہ میں پارک کریگا۔

10. یہ کہ ٹھیکیدار قدرتی آفات ہڑتال واحتجاج وامن وعامہ کی صورت حال کی وجہ سے فیس کی وصولی نہ کر سکا تو اس کی ذمہ داری دفتر ہذا پر نہیں ہو گی اور نہ ہی ٹھیکیدار ٹی ایم اے باڑہ سے (Claim) ہرجانہ طلب کریگا بلکہ باقاعدگی سے اپنے اقساط خزانہ TMA باڑہ میں جمع کرنے کا پابند ہو گا اور دوران ٹھیکہ ٹھیکیدار کو ہر قسم کا نقصان اُٹھانا پڑا تو TMA باڑہ اسے پورا کرنے کا ذمہ دار نہ ہو گا اور نہ ہی ٹھیکیدار کسی قسم کی معافی (Remission) کا مطالبہ کریگا اور نہ ہی کسی قسم کا دعویٰ (Claim) کرنے کا مجاز ہو گا۔

11. ٹھیکیدار پارکنگ اسٹینڈ میں ہر قسم بلز بجلی، پانی بل گیس وغیرہ کی ادائیگی کا بھی خود ذمہ دار ہو گا۔

12. یہ کہ ٹھیکیدار بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار اور ان دو (2) ضمانتی (جو مقامی رہائش پذیر ہے) جو ٹھیکیدار نے پیش کئے ہیں کی ذات وجائیداد سے واجب الادہ رقم بذریعہ لینڈ ریوینو ایکٹ وصول کی جائیگی۔

13. یہ کہ ٹھیکیدار کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہو گا اور خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ ٹھیکیدار کے نقصان (Risk & Cost) پر منسوخ کر دیا جائے گا۔

14. یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ ٹھیکیدار اور تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو جناب ریجنل میونسپل آفیسر فریقین کے ثالث ہونگے ٹھیکیدار ریجنل میونسپل آفیسر پشاور سے بطور ثالث رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہو گا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور دوران تنازعہ ٹھیکیدار ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہو گا جبکہ وہ ادائیگی کو روکنے یا انکار کرنے کا ہرگز مجاز نہ ہو گا۔

15. یہ کہ ٹھیکیدار صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط و ضوابط (Terms of Reference & Conditions) جاری کردہ بحوالہ چٹھی نمبر: AOII/LCB/6-11/2026 تاریخ 07/05/2026 کا پابند ہو گا۔

21/05/2026
تحصیل میونسپل آفیسر/ایڈمنسٹریٹر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر

21/05/2026
تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر



CamScanner